روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

# الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 3 جولائی 2009ء 9 رجب 1430 ہجری 3 وفا 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 148

# ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

فرمایا کہ الٓمّٓ. ذالک الکتٰبُ..........یعنی یہ وہ کتاب ہے جو خدا کے علم سے ظہور پذیر ہوئی ہے اور چونکہ اس کا علم جہل اور نسیان سے پاک ہے اس لئے یہ کتاب ہر ایک شک و شبہ سے خالی ہے اور چونکہ خدا تعالیٰ کا علم انسانوں کی تکمیل کے لئے اپنے اندر ایک کامل طاقت رکھتا ہے اس لئے یہ کتاب متقین کیلئے ایک کامل ہدایت ہے اور اُن کو اس مقام تک پہنچاتی ہے جو انسانی فطرت کی ترقیات کے لئے آخری مقام ہے۔ اور خدا ان آیات میں فرماتا ہے کہ متقی وہ ہیں کہ جو پوشیدہ خدا پر ایمان لاتے ہیں اور نماز کو قائم کرتے ہیں اور اپنے مالوں میں سے کچھ خدا کی راہ میں دیتے ہیں۔ اور قرآن شریف اور پہلی کتابوں پر ایمان لاتے ہیں وہی ہدایت کے سر پر ہیں اور وہی نجات پائیں گے۔ ان آیات سے معلوم ہوا کہ نجات بغیر نبی کریم پر ایمان لانے اور اس کی ہدایات نماز وغیرہ کے بجا لانے کے نہیں مل سکتی۔ اور جھوٹے ہیں وہ لوگ جو نبی کریم کا دامن چھوڑ کر محض خشک توحید سے نجات ڈھونڈھتے ہیں۔ مگر یہ عقیدہ قابل حل رہا کہ جبکہ وہ لوگ ایسے راستباز ہیں کہ پوشیدہ خدا پر ایمان لاتے اور نماز بھی ادا کرتے اور روزہ بھی رکھتے ہیں اور اپنے مالوں میں سے خدا کی راہ میں کچھ دیتے ہیں اور قرآن شریف اور پہلی کتابوں پر ایمان بھی رکھتے ہیں تو پھر یہ فرمانا کہ ھُدًی لِّلْمُتَّقِیْنَ یعنی اُن کو یہ کتاب ہدایت دے گی اِس کے کیا معنی ہیں وہ تو ان سب باتوں کو بجا لا کر پہلے ہی سے ہدایت یافتہ ہیں اور حاصل شدہ کو حاصل کرانا یہ تو ایک امر عبث معلوم ہوتا ہے۔

اِس کا جواب یہ ہے کہ وہ لوگ باوجود ایمان اور عمل صالح کے کامل استقامت اور کامل ترقی کے محتاج ہیں جس کی رہنمائی صرف خدا ہی کرتا ہے انسانی کوشش کا اس میں دخل نہیں۔ استقامت سے مُراد یہ ہے کہ ایسا ایمان دِل میں رچ جائے کہ کسی ابتلاء کے وقت ٹھوکر نہ کھاویں۔ اور ایسے طرز اور ایسے طور پر اعمال صالحہ صادر ہوں کہ اُن میں لذّت پیدا ہو اور مشقّت اور تلخی محسوس نہ ہو اور اُنکے بغیر جی ہی نہ سکیں۔ گویا وہ اعمال رُوح کی غذا ہو جائیں اور اُسکی روٹی بن جائیں اور اُس کا آب شیریں بن جائیں کہ بغیر اسکے زندہ نہ رہ سکیں۔ غرض استقامت کے بارے میں ایسے حالات پیدا ہو جائیں جن کو انسان محض اپنی سعی سے پیدا نہیں کرسکتا بلکہ جیسا کہ روح کا خدا کیطرف سے فیضان ہوتا ہے وہ فوق العادت استقامت بھی خدا کی طرف سے پیدا ہو جائے۔

اور ترقی سے مُراد یہ ہے کہ وہ عبادت اور ایمان جو انسانی کوششوں کی انتہا ہے اس کے علاوہ وہ حالات پیدا ہو جائیں جو محض خدا تعالیٰ کے ہاتھ سے پیدا ہو سکتے ہیں۔ یہ بات ظاہر ہے کہ خدا تعالیٰ پر ایمان لانے کے بارے میں انسانی سعی اور عقل صرف اِس حد تک رہبری کرتی ہے کہ اس پوشیدہ خدا پر جس کا چہرہ نہیں دیکھا گیا ایمان لایا جائے۔ اسی وجہ سے شریعت جو انسان کو اسکی طاقت سے زیادہ تکلیف دینا نہیں چاہتی۔ اس بات کے لئے مجبور نہیں کرتی کہ انسان اپنی طاقت سے ایمان بالغیب سے بڑھ کر ایمان حاصل کرے۔ ہاں راستبازوں کو اسی آیت ھدًی لِّلْمُتَّقِیْن میں وعدہ دیا گیا ہے کہ جب وہ ایمان بالغیب پر ثابت قدم ہو جائیں اور جو کچھ وہ اپنی سعی سے کر سکتے ہیں کر لیں تب خدا ایمان کی حالت سے عرفان کی حالت تک ان کو پہنچا دیگا اور اُن کے ایمان میں ایک اور رنگ پیدا کر دے گا۔ قرآن شریف کی سچائی کی یہ ایک نشانی ہے کہ وہ جو اُسکی طرف آتے ہیں اُنکو اُس مرتبہ ایمان اور عمل پر رکھنا نہیں چاہتا کہ جو وہ اپنی کوشش سے اختیار کرتے ہیں کیونکہ اگر ایسا ہو تو کیونکر معلوم ہو کہ خدا موجود ہے بلکہ وہ انسانی کوششوں پر اپنی طرف سے ایک ثمرہ مرتب کرتا ہے جس میں خدائی چمک اور خدائی تصرف ہوتا ہے مثلاً جیسا کہ میں نے بیان کیا انسان خدا پر ایمان لانے کے بارہ میں اس سے زیادہ کیا کرسکتا ہے کہ وہ اس پوشیدہ خدا پر ایمان لاوے جس کے وجود پر ذرّہ ذرّہ اِس عالم کا گواہ ہے۔ مگر انسان کی یہ تو طاقت ہی نہیں ہے کہ محض اپنے ہی قدموں اور اپنی ہی کوشش اور اپنے ہی زور بازو سے خدا کے انوار الوہیت پر اطلاع پاوے اور ایمانی حالت سے عرفانی حالت تک پہنچ جاوے اور مشاہدہ اور رویت کی کیفیت اپنے اندر پیدا کر لے۔

(حقیقة الوحی۔ روحانی خزائن جلد 22 ص 136 تا 138)

## ہر حرف کی دس نیکیاں

حضرت عبداللہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

قرآن کریم کی تلاوت کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ ہر حرف پر دس نیکیوں کا ثواب دیتا ہے۔ الٓم ایک حرف نہیں بلکہ الف، لام اور میم میں سے ہر حرف پر دس نیکیوں کا ثواب ہے۔

(سنن دارمی کاب فضائل القرآن باب من قرء حرفا حدیث نمبر :2835)

## واقفین نو توجہ فرمائیں

امسال جماعت نہم کا امتحان دے کر جماعت دہم میں پہنچنے والے واقفین نو مورخہ 10 جولائی 2009ء بروز جمعة المبارک نماز جمعہ سے قبل جامعہ احمدیہ جونیئر سیکشن ربوہ میں تشریف لائیں۔ امراء کرام/صدر صاحبان/سیکرٹریان وقف نو کی خدمت میں درخواست ہے کہ ان واقفین نو کو مقررہ تاریخ پر ربوہ بھجوانے کا انتظام فرمائیں۔ (وکیل وقف نو)

## عطیہ برائے گندم

ہر سال مستحقین میں گندم بطور امداد تقسیم کی جاتی ہے اس کارخیر میں ہر سال بڑی تعداد میں مخلصین جماعت احمدیہ حصہ لیتے ہیں۔ لہٰذا ہمدرد مخلصین جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنی نعمتوں اور برکتوں سے نوازا ہے۔ ان کی خدمت میں درخواست ہے کہ اس کارخیر میں فراخ دلی سے حصہ لیں۔ جملہ نقد عطیہ جات بمد گندم کھاتہ نمبر 14-3/4550 معرفت مکرم افسر صاحب خزانہ صدر انجمن احمدیہ ربوہ ارسال فرمائیں۔

(صدر کمیٹی امداد مستحقین گندم دفتر جلسہ سالانہ ربوہ)

## انجینئرز و آرکیٹیکٹس متوجہ ہوں

مکرم انجینئر وسیم احمد صاحب پریذیڈنٹ IAAAE لاہور چیپٹر اطلاع دیتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے IAAAE لاہور آفس بمقام BETA/NETS آفس، 10 سینٹ میری پارک، گلبرگ نزد کلمہ چوک لاہور میں کھولا گیا ہے جو کہ انجینئرز اور آرکیٹیکٹس کے مختلف مسائل اور ان کے حل، اور ان کے درمیان رابطے کا ذریعہ ہوگا۔ تمام انجینئرز اور آرکیٹیکٹس کے علاوہ انجینئرنگ کے طلباء و طالبات بھی اس سے استفادہ کر سکتے ہیں۔

اپنی رجسٹریشن کے لئے آفس کوارڈینیٹر مکرم سید عطاء العزیز شاہ صاحب سے فون نمبر 0322-7834146 یا ای میل azizshah@gmail.com پر رابطہ کریں۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کو IAAAE کے اس آفس کی نعمت سے مستفید ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

# عالم روحانی کے لعل و جواہر (نمبر 538)

## حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی مقدس ڈائری کے غیر مطبوعہ اوراق

1۔ ''صبح آنکھ کھلی زبان پر تھا

''شاید اسی سے دخل ہو دارالوصال میں''

پہلا مصرعہ ہے ع

بدتر بنو ہر ایک سے اپنے خیال میں

اللہ تعالیٰ عاجزانہ راہوں پر چلنے کی توفیق دیتا چلا جائے۔''مرزا ناصر احمد''

''صبح آنکھ کھلی زبان پر تھا کلام حضرت مسیح موعود مہدی مسعود............'' دنیا میں ایک نذیر آیا پر دنیا نے اسے قبول نہ کیا لیکن خدا اسے قبول کرے گا اور بڑے زور آور حملوں سے اس کی سچائی ظاہر کردے گا۔

**خدا کرے کہ جلال اور عظمت اور رحمت کے حملے ہوں۔** مرزا ناصر احمد

رات رویاء میں خیر ہی دیکھی۔ اللہ تعالیٰ سب خیر ہی کرے بندہ تو عاجز ہے سہارا رہے۔

اسی کا سہارا اسی پر بھروسہ

2۔''28 جون 1971ء رات 45-1 پر فارسی کا ایک مصرع سنا پھر وہ کاغذ پر لکھا ہوا سامنے آ گیا مصرع بھول گیا مفہوم تھا

''دامن رحمت حق'' اذیت اڑا لے گئی۔ فالحمدللہ

3۔''29/اکتوبر 1971ء۔ رات طبیعت دعا کی طرف مائل ہوگئی۔ طبیعت میں گھبراہٹ تھی دعا کی اے میرے پیارے رب ہم اندھیروں میں ہیں اور تجھ سے کوئی بات پوشیدہ نہیں تو نے میرے جیسے پر راہنمائی کی ذمہ داری بھی عائد کی ہے اندھیرے میں راہنمائی کیسے کروں تو خود روشنی اور نور دے۔ بعض کہتے ہیں بھارت سے جنگ ہرگز نہیں ہونی چاہئے بعض کا خیال ہے جنگ ضرور ہونی چاہئے اس میں پاکستان کی بھلائی ہے۔ میں نہیں چاہتا کہ ہماری مرضی اور ہماری خواہش تیری مرضی کے خلاف ہو اس لئے اے میرے آقا مجھ پر اپنی مرضی ظاہر کر۔

اسی طرح دعا کرتے ہوئے سو گیا 2 بجکر 45 منٹ پر آواز آئی۔ بسم اللہ۔ اللہ اکبر۔ لاالٰہ الا اللہ۔ اللہ اکبر اس شوکت سے کہا گیا کہ اس پُر شوکت آواز سے میرا جسم کانپ اٹھا اور میری آنکھ کھل گئی پھر نیم بیداری کی حالت میں لاالٰہ الا اللہ سنا۔''

## قرآنی صداقت پر سائنسی تجربوں سے مہر تصدیق

کلام اللہ زندہ خدا کی زندہ کتاب ہے

سب جہاں چھان چکے ساری دکانیں دیکھیں
مئے عرفان کا یہی ایک ہی شیشہ نکلا
کس سے اس نور کی ممکن ہو جہاں میں تشبیہ
وہ تو ہر بات میں ہر وصف میں یکتا نکلا

سیدنا مسیح ابن مریم علیہ السلام کی بن باپ ولادت میں یہ راز سربستہ تھا کہ اب نبوت بنی اسرائیل سے بنو اسماعیل کی طرف منتقل ہونے کا وقت آن پہنچا ہے۔ ہاں بلاشبہ مسیح کلمۃ اللہ تھے مگر کلمات اللہ کا بحر موّاج تو ازل سے ابد تک موجیں مار رہا ہے۔

## حضرت مصلح موعود کا تاریخی بیان

اس ضمن میں سیدنا حضرت مصلح موعود کا یہ ایمان افروز اور تاریخی بیان زریں الفاظ میں لکھا جانا چاہئے کہ

''قانون قدرت کے بھی کئی راز ایسے ہیں جن کا انسان کو ابھی پتہ نہیں لگا جیسے ایٹم بم کا اس سے پہلے نسل انسانی کو کوئی علم نہ تھا لیکن اب اس کا انکشاف ہوا ہے اسی طرح اللہ تعالیٰ کے کئی راز ایسے ہیں جن کو ابھی دنیا دریافت نہیں کرسکی انہی اسرار میں سے ایک ''بن باپ ولادت'' بھی ہے بہرحال وہ خدا جس نے کن سے سب کچھ پیدا کیا ہے وہ مادہ میں بھی نئے تغیر پیدا کرسکتا ہے لیکن اس کے علاوہ تاریخ میں بھی ہمیں بعض شہادتیں بھی نظر آتی ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض اور بچے بھی بغیر باپ پیدا ہوئے ہیں مثلاً منچو خاندان جو چین پر حکمران تھا اور جو 6 یا 7ء میں آکر تباہ ہوا اس کی بنیاد بھی اسی طرح پڑی کہ اس خاندان کی ایک پڑدادی بغیر نکاح کے حاملہ ہوگئی............اسی حمل سے چنگیز خاں پیدا ہوا جس سے ساری دنیا میں بھاری بھاری تباہی آئی اور وہ دنیا کا بادشاہ بنا۔

اسی طرح اور بہت سے واقعات انسائیکلو پیڈیا بریٹینکا میں بیان کئے گئے ہیں اور عجیب بات یہی ہے کہ اس قسم کے جتنے بچے پیدا ہوئے ہیں ان کے پیدا ہونے سے پہلے عورتوں کو کوئی خواب بھی آتی ہے۔''

(تفسیر کبیر جلد پنجم سورہ مریم صفحہ 174-175)

ہے قصور اپنا ہی اندھوں کا وگرنہ وہ نور
ایسا چمکا ہے کہ بصد نیر تاباں نکلا

مکرم فہیم احمد خادم صاحب نیشنل سیکرٹری وقف نو گھانا

# گھانا میں واقفین نو کے لئے تربیتی پروگرام

سال 2009ء کے پہلے چار مہینوں میں گھانا کے تین ریجنز میں واقفین نو کی تربیت کے لئے مختلف اجتماعات منعقد کئے گئے۔ جن کی مختصر رپورٹ بغرض دعا پیش ہے۔

## اجتماع واقفین نو اشانٹی ریجن

مورخہ 3/جنوری 2009ء کو کماسی کے مقام پر اشانٹی ریجن کے واقفین نو کا ایک اجتماع منعقد ہوا۔ واقفین نو بچوں نے درج ذیل عنوان پر تقاریر کیں۔

''وقف نو سکیم کی اہمیت اور احمدیت کے عقائد''

خاکسار نے ہر بچے کو بلایا اور نصاب وقف نو میں سے ایک یا دو سوالات پوچھے۔ نیز ساتھ ساتھ بسکٹ اور ٹافیاں بھی تقسیم کرتا رہا۔ بچوں کے ساتھ ایک مجلس سوال و جواب ہوئی جس میں انہوں نے وقف نو سکیم اور اپنے مستقبل کے بارہ میں سوالات پوچھے۔ بچوں نے اردو زبان اور لوکل زبانوں میں نظمیں بھی سنائیں۔

پندرہ سال سے بڑے بچوں کو الگ کرکے انہیں مستقبل کے بارہ میں مشورے دئے اور حضرت اقدس مسیح موعود کی کتب کا مطالعہ کرنے، روزانہ قرآن کریم کی تلاوت کرنے کے علاوہ بعض عمومی نصائح کیں۔

پروگرام کے دوران کوائف واقفین نو کے فارمز اور پندرہ سال والے بچوں سے تجدید وقف کے فارمز پُر کروائے گئے۔ اس اجتماع کے موقع پر مکرم مسرور احمد صاحب مربی سلسلہ اشانٹی ریجن نے بھی خطاب فرمایا۔ اور شرکاء کے ساتھ تصویر ہوئی۔ اس موقع پر والدین کی تعداد 12 اور بچوں کی تعداد 40 رہی۔

## اجتماع واقفین نو ناردرن ریجن

مورخہ 14/مارچ کو ٹمالے کے مقام پر ناردرن ریجن کے واقفین نو کا اجتماع منعقد ہوا۔ تلاوت قرآن کریم کے بعد Songs of Praises ہوئے خاکسار نے تحریک وقف نو کی اہمیت پر روشنی ڈالی اور واقفین نو بچوں کو بطور واقف، ان کی ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلائی۔

مکرم ایس ایم آدم صاحب ریجنل صدر ناردرن ریجن اور مکرم عبدالعزیز صاحب سرکٹ مربی سلسلہ نے بھی تقریر کی اور بچوں کو اعلیٰ اخلاق اپنانے کی طرف توجہ دلائی اور نصائح کیں۔

سب بچوں کو حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کا ''عہد خلافت'' جو حضور انور نے تمام جماعت سے خلافت جوبلی کے موقع پر 27/مئی 2009ء کو لیا تھا اس کی ویڈیو دکھائی۔

خاکسار نے سب بچوں سے ایک ایک سوال پوچھا جو نصاب میں سے تھا۔ اور بچوں کو بھی سوالات کرنے کا موقع دیا گیا اور ان کے جوابات دئے گئے۔

یہ پروگرام تین بجے تک جاری رہا۔ بچوں کی تعداد 10 رہی جبکہ 7 والدین شامل ہوئے۔

Tamasco سے ایک، سلاگا احمدیہ سکول سے دو اور ٹمالے پولی ٹیکنیک انسٹی ٹیوٹ سے دو واقفین شامل ہوئے۔ (یہ بچے دوسرے ریجنز کے ہیں لیکن یہاں تعلیم حاصل کررہے ہیں)۔

پروگرام کے دوران کوائف واقفین نو کے فارمز اور پندرہ سال والے بچوں سے ''تجدید وقف'' کے فارمز پُر کروائے گئے۔

## اجتماع واقفین نو برانگ اہافو ریجن

مورخہ 5/اپریل 2009ء کو برانگ اہافو ریجن کے واقفین نو کا اجتماع Tachiman کے مقام پر منعقد ہوا۔

صبح گیارہ بجے اس اجتماع کا آغاز ہوا۔ تلاوت قرآن کریم کے بعد Songs of Praises ہوئے۔ اس کے بعد بچوں نے نماز کی اہمیت، خلافت کی اہمیت اور صداقت حضرت مسیح موعود کے موضوعات پر تقاریر کیں۔ بعض بچوں نے دو رکعت نماز ادا کرکے دکھائی جبکہ بعض بچوں نے یہی ساری نماز عربی الفاظ کے ساتھ لوکل زبان میں ترجمہ کے ساتھ ادا کی۔

بعض ناصرات نے باری باری آکر احادیث مع ترجمہ پیش کیں۔ ایک بچی نے اللہ تعالیٰ کی چند صفات مع ترجمہ پیش کیں۔

یہ سب کچھ اتنا متاثر کن تھا ایسا لگتا تھا جیسے چھوٹا سا جلسہ ہو رہا ہے۔ تھوڑے تھوڑے وقفہ کے ساتھ نعرہ ہائے تکبیر بھی بلند ہوتے رہے۔

خاکسار نے ان بچوں کو باری باری اپنے پاس بلایا اور ایک ایک سوال کیا۔ خاکسار نے وقف کی اہمیت اور اس میدان میں مزید بچے وقف کرنے کی تلقین کی۔

پورے پروگرام میں یہ تاثر رہا کہ اگر ہر ریجن کے بچے اور والدین اسی طرح اجتماعات میں شامل ہوں تو تربیت بہت آسان ہوجائے گی۔

قارئین کی خدمت میں درخواست دعا ہے اللہ تعالیٰ ہمیں شعبہ وقف نو کو فعال بنانے کی توفیق دے اور سیکرٹریان کام کو سیکھیں اور واقفین نو اپنے عہد وفا پر تاحیات قائم رہیں۔ آمین

(الفضل انٹرنیشنل 12 جون 2009ء)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

# صدسالہ جشن تشکر 1989ء کے موقع پر

## حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی فرینکفرٹ اور Nordenstedt کے میئر سے ملاقات

مکرم عرفان احمد خان صاحب سابق سیکرٹری امور خارجہ جرمنی

1989ء کا سال عالمگیر جماعت احمدیہ کے سو سال پورے ہونے کا سال تھا۔ اس اہم موقعہ کی مناسبت سے دنیا بھر کی جماعتوں میں مختلف تقریبات کا انعقاد کیا گیا اور صدسالہ جشن تشکر منایا گیا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے دورہ جرمنی کے پروگرام کا ایک اہم حصہ صدسالہ جوبلی کے سال میں فرینکفرٹ کے میئر Dr. Hans Jurgn Moog اور شہر Nordenstedt کے میئر Mr.Volker Schmidt سے ملاقات کرنا شامل تھا۔ Dr Moog سے ملاقات کے لئے 15 ستمبر 1989ء بروز جمعہ 11 بجے کا وقت مقرر ہوا۔

چنانچہ حضور اس روز 11 بجے سے ذرا قبل فرینکفرٹ کے ٹاؤن ہال میں تشریف لائے جہاں پر چیف پروٹوکول افسر Mr.Vouss نے آگے بڑھ کر حضور کی کار کا دروازہ کھولا اور حضور کے کار سے باہر تشریف لانے پر آپ کو خوش آمدید کہا۔ یہاں سے حضور کی آمد کی اطلاع ملتے ہی فرینکفرٹ کے میئر Dr.Moog نے دفتر سے باہر صدر دروازے پر حضور کو خوش آمدید کہا اور حضور و دیگر اراکین کو اپنے دفتر میں لے گئے۔ یہاں پر پہلے Dr.Moog حضور کو اپنے کمرے کے اس مخصوص حصہ میں لے گئے جہاں وہ اپنے معزز مہمانوں کو ایک دوسرے کے سامنے کھڑے ہو کر خوش آمدید کہتے ہیں۔ چنانچہ Dr.Moog نے حضور کو مخاطب کر کے آپ کو فرینکفرٹ شہر کا تفصیلی تعارف کرواتے ہوئے ان سرگرمیوں کا بطور خاص ذکر کیا جن کی بدولت فرینکفرٹ شہر پوری دنیا میں نہ صرف خاص اہمیت اختیار کرتا جا رہا ہے بلکہ پوری دنیا کی نگاہوں کا مرکز بن چکا ہے اور اسی لئے اس شہر کی تقریباً 25 فیصد آبادی غیر ملکیوں پر مشتمل ہے اور اس میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے۔ محترم میئر نے کہا کہ جوں جوں فرینکفرٹ میں تجارت اور دیگر Trades کا رجحان بڑھ رہا ہے غیر ملکیوں کی تعداد میں اضافہ ہونا لازمی بات ہے اور ہم ان غیر ملکیوں کو خوش آمدید کہہ رہے ہیں۔ اپنی اس مختصر تقریر کے بعد Dr.Moog نے یادگار کے طور پر ایک سٹیل کی پلیٹ حضور کی خدمت میں بطور تحفہ پیش کی۔ اس خوبصورت پلیٹ پر فرینکفرٹ شہر کی اہم عمارات اور ٹاؤن ہال کی عمارت کندہ تھی۔ حضور نے شکریہ کے ساتھ اس پلیٹ کو قبول فرمایا۔

Dr.Moog کی تقریر کے جواب میں حضور نے مختصراً دین حق کا پیغام اور جماعت احمدیہ کا تعارف پیش کیا۔ حضور نے فرمایا کہ بدقسمتی سے آجکل مغرب میں دین حق کا جو تصور پیش کیا جا رہا ہے اور خود مغرب کے بعض لوگ سیاسی رہنماؤں کے غلط کردار اور اقدامات کو دین حق کی تعلیم سمجھ بیٹھے ہیں جو کہ درست نہیں۔ دین حق محبت اور امن کا مذہب ہے۔ قرآن کریم کی تعلیم اور آنحضرت ﷺ کا عملی نمونہ اصل دین ہے جس میں امن اور آپس میں باہمی محبت و پیار اور حسن سلوک کی تعلیم دی گئی ہے۔

احمدیت کے تعارف میں حضور نے فرمایا کہ احمدیت اور جماعت احمدیہ کو صرف پاکستان سے مخصوص کر دینا درست نہیں۔ جماعت احمدیہ دنیا کے 120 ممالک میں موجود ہے۔ اس میں دنیا کی مختلف قوموں اور ملکوں کے لوگ شامل ہیں اور مسلسل شامل ہو رہے ہیں۔ ہر ملک میں ہماری تعداد میں پہلے سے اضافہ ہو رہا ہے۔ آخر میں حضور نے میئر فرینکفرٹ کا شکریہ ادا کیا اور قرآن کریم جرمن ترجمہ کے ساتھ اور اپنی کتاب ''مذہب کے نام پر خون'' کا انگریزی ترجمہ اور صدسالہ جشن تشکر کی یادگار پلیٹ محترم میئر صاحب فرینکفرٹ کو بطور تحفہ پیش کی۔

ان تاریخی لمحات پر حضور کے ہمراہ جماعت جرمنی کی طرف سے محترم عبداللہ واگس ہاؤزر صاحب، خاکسار بطور سیکرٹری امور خارجہ اور جرمن نو احمدی بھائی مکرم طارق گڈٹ نمائندہ پریس سیکشن جماعت احمدیہ جرمنی موجود تھے۔ حضور کی جوابی تقریر کے بعد چیف پروٹوکول افسر نے حضور اور دیگر اراکین کو نشستیں پیش کیں اور کافی کے ساتھ تواضع کی۔ کافی کے دوران بھی حضور میئر Dr.Moog کے ساتھ مختلف امور پر تبادلہ خیال فرماتے رہے۔ دوران گفتگو Dr.Moog نے حضور کو بتایا کہ بیت کی دس سالہ تقریب میں وہ اس وقت کے میئر Dr.Fay کے ہمراہ شریک ہوئے تھے۔ انہوں نے بتایا کہ میری سیاسی تربیت میں Dr.Fay کا بہت تعلق رہا ہے۔ وہ میرے والد کے بہت قریبی دوست ہونے کے ناطے مجھے بہت عزیز تھے اور وہ بھی مجھے اپنے بہت قریب رکھتے تھے اور تقریبات میں اپنے ہمراہ لے کر جاتے تھے۔ چنانچہ بیت نور کی تعمیر کی دس سالہ تقریب میں میں ان کے ہمراہ شامل ہوا تھا۔ اس موقعہ پر محترم امیر صاحب جرمنی نے سابق میئر فرینکفرٹ Dr.Fay کے بیت نور سے گہرے تعلق کے بعض اوقات حضور کی خدمت میں عرض کئے۔ (یاد رہے کہ بیت نور کی تعمیر کی دس سالہ تقریب میں Dr.Fay کی تقریر جرمنی کے صدسالہ سووینئر میں شائع ہو چکی ہے۔)

محترم Dr.Moog کے ایک سوال کے جواب میں حضور نے ان کو بتایا کہ یہ سال ہماری جماعت کا صدسالہ جشن تشکر کا سال ہے اور تمام جماعتوں کی خواہش ہے کہ اس تاریخی سال میں ان کے ہاں دورہ کروں اور ان کے صدسالہ تقریبات میں شامل ہوں۔ حضور نے فرمایا کہ تمام جگہ ایک ہی سال میں جانا ممکن نہیں۔ امسال میں چالیس ممالک میں جانے کا ارادہ رکھتا ہوں۔ اس کا آغاز میں نے جرمنی سے کیا تھا، بعد میں امریکہ، کینیڈا اور مشرق بعید کے ممالک کا دورہ بھی کر چکا ہوں۔ اب میں اسکینڈے نیویا کے ممالک کے دورے پر جا رہا ہوں۔ واپس آ کر میں سپین اور پرتگال جاؤں گا۔ اس طرح یہ سلسلہ سال کے آخر تک جاری رہے گا۔ فرینکفرٹ کے میئر Dr.Moog حضور کی تمام تر گفتگو انتہائی دلچسپی اور دلجمعی کے ساتھ سنتے رہے اور بہت سے امور پر اپنی رائے کا اظہار ساتھ ساتھ کرتے رہے۔ 12-35 پر حضور نے ان سے اجازت چاہی۔ محترم Dr.Moog حضور کو رخصت کرنے کی غرض سے تیسری منزل پر واقع اپنے دفتر سے نیچے حضور کی کار تک تشریف لائے اور وہاں ہی ٹاؤن کے بیرونی چبوترے پر کھڑے ہو کر ٹاؤن ہال کی تمام عمارات کا حضور کو تفصیلی تعارف کروایا اور بعض نئی تعمیرات جو جرمنی کے قدیم طرز تعمیر پر بنائی گئی ہیں ان کے بارے میں حضور کو تفصیلات سے آگاہ کرتے رہے۔ اس دوران ٹاؤن ہال کے علاقے میں موجود بہت سے سیاح حضور اور میئر فرینکفرٹ کی اپنے کیمروں سے تصاویر بناتے رہے۔ حضور نے روانگی سے قبل میزبان سے گرم جوشی سے معانقہ فرمایا اور ان کے اس محبت آمیز سلوک پر ان کو شکریہ ادا کیا۔ محترم میئر صاحب حضور کی روانگی تک حضور کی کار کے پاس موجود رہے اور حضور کی کار کے ٹاؤن ہال کی حدود سے رخصت ہو جانے پر اپنے دفتر میں واپس تشریف لے گئے۔

اسی ماہ ستمبر میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی ہمبرگ سے اسکینڈے نیویا کے ممالک کے لئے روانگی تھی۔ حضور نے روانگی سے قبل ہمبرگ سے ملحق ایک شہر Nordenstedt کے میئر سے ملاقات کے لئے ٹاؤن ہال جانا تھا۔ Nordenstedt ہمبرگ سے 25 کلومیٹر کے فاصلہ پر ایک دوسرے صوبہ میں ایک اہم شہر ہے۔ ہمبرگ سے قریب ہونے کی وجہ سے ہمبرگ میں کام کرنے والے بہت سے ملازمین اس شہر میں رہائش پذیر ہیں۔ یہاں پر خدا تعالیٰ کے فضل سے ایک فعال جماعت قائم ہے۔

حضور ساڑھے دس بجے بیت فضل عمر ہمبرگ سے مع قافلہ روانہ ہوئے اور 11 بجے سے قبل Nordenstedt پہنچ گئے جہاں احباب جماعت نے حضور کا استقبال کیا۔ اس موقعہ پر احمدی خواتین بھی اپنے امام کی ایک جھلک دیکھنے کے لئے وہاں موجود تھیں۔ حضور اپنے وفد کے ہمراہ ٹاؤن ہال میں تشریف لے گئے جہاں شہر کے میئر Mr.Volker Schmidt نے حضور کا استقبال کیا اپنے ملاقات کے کمرہ تک راہنمائی کی۔ ملاقات کے کمرہ میں سب سے حاضر احباب کے اپنی اپنی نشست پر بیٹھ جانے کے بعد Mr.Schmidt نے دوبارہ کھڑے ہو کر مختصر تقریر کی اور حضور کو خوش آمدید کہا۔ انہوں نے اپنی تقریر میں کہا کہ آج اس وقت جبکہ میں آپ کو اپنے اس ملاقات کے کمرے میں موجود پا کر خوشی محسوس کر رہا ہوں عین اس وقت ایک ایشیائی ملک کے سربراہ جرمنی کے صدر مملکت کے ساتھ ملاقات کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملکوں کے راہنما ہوں یا قوموں کے راہنما، ان کی آپس کی ملاقاتیں دنیا میں امن کے قیام کے لئے مثبت نتائج کی آئینہ دار ہونی چاہئیں۔ اپنی تقریر کے آخر میں انہوں نے حضور کو شہر Nordenstedt سے متعلق تعارفی کتاب بطور تحفہ پیش کی اور کتاب کے پہلے صفحے پر درج ذیل عبارت اپنے ہاتھ سے تحریر کی۔

"Dedicated to Hazrat Tahir Ahmad Khalifatul Masih IV in Memory to his visit to Nordenstedt with the best wishes for peace in the world.

V.Schmidt<br>
Mayor<br>
Nordenstedt<br>
18 Sep 89

حضور نے اپنی جوابی تقریر میں میئر صاحب کا شکریہ ادا کیا اور جماعت احمدیہ کا مختصر تعارف کروانے کے بعد حضور نے Mr.Volker Schmidt کو قرآن کریم مع جرمن ترجمہ، اپنی کتاب ''مذہب کے نام پر خون'' کا انگریزی ترجمہ اور صدسالہ جشن تشکر کی یادگاری پلیٹ تحفۃً پیش کی جس کو میئر صاحب نے شکریہ کے ساتھ قبول کیا۔ بعد ازاں تمام مہمانوں کی مشروبات سے تواضع کی گئی۔ اس کے بعد حضور میئر کے کمرہ سے ملحق بالکونی میں تشریف لائے اور وہاں سے شہر کا نظارہ فرماتے رہے جو انتہائی دیدہ زیب تھا۔ وہاں ہی گفتگو کے دوران محترم میزبان کے پوچھنے پر حضور نے اپنی مصروفیات، دورہ جات اور جماعتی تنظیمی ڈھانچہ اور اس کے لائحہ عمل کے بارے میں ان کو آگاہ فرمایا۔ ہر احمدی کا اپنے امام کے ساتھ اس قدر گہرے تعلق پر وہ حیران ہوئے بغیر نہ رہ سکے جس کا اظہار انہوں نے حضور کی وہاں سے روانگی کے بعد احمدی دوستوں سے کیا۔

حضور کا ٹاؤن ہال میں تشریف لے جانا اور شہر میئر سے ملاقات کرنے، Nordenstedt کی مقامی احمدی جماعت کے لئے ایک تاریخی اہمیت کا موقعہ تھا۔ میئر سے ملاقات میں درج ذیل احمدی دوستوں کو حضور کے ہمراہ وہاں جانے کی سعادت حاصل ہوئی۔ مکرم منیر احمد جاوید صاحب پرائیویٹ سیکرٹری، محترم عبداللہ واگس ہاؤزر صاحب امیر جماعت احمدیہ جرمنی، خاکسار بطور سیکرٹری امور خارجہ، مکرم طارق گڈٹ صاحب نمائندہ پریس سیکشن جماعت احمدیہ جرمنی، مکرم محمد شریف خالد صاحب نائب امیر جرمنی، مکرم عبدالباسط طارق صاحب مربی سلسلہ ہمبرگ، مکرم چوہدری احمد مختار صاحب امیر جماعت احمدیہ کراچی، مکرم چوہدری انور حسین صاحب امیر جماعت احمدیہ شیخوپورہ اور مکرم کولمبس خان صاحب صدر جماعت Nordenstedt۔

(اخبار احمدیہ جرمنی اکتوبر، نومبر 2008ء)

قسط: ششم

## حقیقۃ الوحی کے مطالعہ میں سہولت کے لئے

# فرہنگ حقیقۃ الوحی

## مشکل الفاظ واصطلاحات کا تلفظ اور ان کے معانی

مشکل الفاظ کا تلفظ اوران کے معانی کی چھٹی قسط پیش ہے۔امید ہے کہ پہلی پانچ اقساط بھی آپ کے پاس محفوظ ہوں گی۔بقیہ 3 اقساط بھی محفوظ رکھیں تا کتاب مکمل ہوجائے۔مشکل الفاظ کے علاوہ کتاب میں موجود بعض اسماء، مقامات، کتابیات اور اصطلاحات کا تعارف بھی قسط وار شائع کیا جائے گا۔اللہ تعالیٰ احسن رنگ میں حضرت اقدسؑ کی کتب کے مطالعہ کی توفیق دے۔امین

مرسلہ: ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ

### ش۔ص۔ض۔ط۔ظ۔ع۔غ۔ف۔ق

| الفاظ | تلفظ | معانی |
|---|---|---|
| شاذو نادر | شَاذُو نَادِرُ | کبھی کبھار |
| شاستر دوار | شَاسُتَرُدَوَارُ | شاستروں رکتابوں کی رو سے |
| شاستری جی | شَاسُتَرِیُ جی | شاستروں کا عالم، پنڈت؛ برہمنوں کا ایک گروہ، ہندو قانون کا عالم |
| شامت | شَامَتُ | آفت، مصیبت، کمبختی، بدنصیبی، بدقسمتی |
| شامتِ اَعمال | شَامتِ اَعمال | اعمال کی وجہ سے آنے والی سزا، کاموں کا نتیجہ |
| شاہدِنزاع | شَاهِدُ نَزَّاعٌ | جھگڑا کرنے والا گواہ |
| شبھ چنتک | شُبھُ چِنتَكُ | آریوں کا ایک اخبار جو قادیان سے حضرت مسیح موعود کے زمانے میں نکلتا تھا۔ |
| شتاب | شِتَابُ | جلد، فوراً |
| شُحِّ نفس | شُحِّ نَفس | نفس کا بخل، دل کی کنجوسی |
| شدیدالبرد | شَدِيُدُ الُبَرُدُ | سخت سرد |
| شَر اَنگیز | شَرُاَنُگِيُز | تکلیف، فساد پیدا کرنے والا |
| شرح صدر | شَرُح صَدَر | کھلے دل کے ساتھ، طبیعت کا مطمئن ہونا |
| شَرف | شَرَفُ | اعزاز، بزرگی، عزت، مرتبت |
| شِری اَگنی | شِرِیُ اَگُنِیُ | آگ دیوتا |
| شری انگرہ | شِرِی اَنُگَرَه | تارہ، ستارہ |
| شری آدَت | شِرِی آدَتُ | سورج دیوتا |
| شری نشکلنک | شِرِی نِشُگَلَنُك | بے عیب |
| شری وایو | شری وَايُوُ | ہوا کا دیوتا |
| ششم | شَشُمُ | چھ، چھٹا |
| شعلہ نور | شُعُلَه نُورُ | نور کا شعلہ |
| شفاف | شَفَّافُ | صاف، چمکدار |
| شفاءالامراض | شِفَاءُ الُاَمُرَاض | بیماریوں سے شفا، |
| شفیع | شَفِيُعٌ | سفارش کرنے والا، شفاعت کرنے والا، |
| شَقُوَت | شَقُوَتُ | بدقسمتی، سنگدلی، سختی |
| شکتی | شَكُتِیُ | طاقت |
| شِکَم پَرست | شِكَمُ پَرستُ | پیٹ کی پوجا کرنے والا، لالچی، نفس پرست، خودغرض |
| شکم پرور | شِكَمُ پَرُوَرُ | پیٹ کو بھرنے والا، پالنے والا |
| شکم مادر | شکمِ مَادَرُ | ماں کا پیٹ |
| شگوفوں | شَگُوُفوُن | شگوفہ کی جمع۔کلی، غنچہ |
| شماتت | شَمَاتَتُ | کسی کی تکلیف پر خوش ہونا |
| شماتتِ اَعداء | شَمَاتَتِ اَعُدَاء | کسی کی تکلیف پر اس کے دشمنوں کا خوش ہونا |
| شنبہ | شَنُبَه | ہفتہ |
| شوخ چشم | شوخُ چَشُم | شوخ آنکھ والا، خوبصورت آنکھ والا |
| شوروغوغا | شور و غَوغَا | شوروغل، شورشرابا |
| شہاب | شِهَابُ | لو، زبانہ آتش، شعلہ بلند، شعلہ جوالہ |
| شیخ المشائخ | شَيُخُ الُمَشَائِخُ | پیر، بہت بڑا بزرگ، عالمِ دین، تمام عالموں اور فاضلوں کا سرگروہ |
| شیطانی اِلقاء | شَيُطَانِیُ اِلُقَاء | دل کے شیطانی خیالات، باتیں |
| صاحبِ خاتَم | صاحبِ خَاتَمُ | خاتَم والا یعنی فیض رساں |
| صادر | صَادِرُ | نافذ ہونا، نکلنا، جاری ہونا |
| صاعِقہ | صَاعِقَه | بجلی، موت، ہلاکت |
| صافی | صَافِیُ | صاف، پاک |
| صانع | صَانِعُ | بنانے والا |
| صحابی | صَحَابِیُ | نبی کو ایمان کی حالت میں دیکھنے والا۔ساتھی |
| صحیفۂ فطرت | صَحِيُفَهٔ فِطُرَت | قدرت کا کارخانہ، قدرت کی کتاب |
| صدق وصفا | صِدُق و صَفَا | سچائی اور صفائی |
| صدیق | صَدِيُقٌ | دوست، سچا، راستباز (صِدّیق : بہت سچا) |
| صراحتاً | صَرَاحتاً | کھول کر، واضح، صاف صاف |
| صرف ونحو | صَرُف و نَحُوُ | عربی گرامر کو کہتے ہیں |
| صریح | صَرِيُح | کھلا کھلا، واضح |
| صُعبناک | صُعُبنَاكُ | مشکل، تکلیف دہ، تنگ |
| صفات جلالی | صِفَاتِ جَلَالِیُ | اللہ کی وہ صفات جو اس کے جلال اور رعب اور ہیبت وقوت کا اظہار کرتی ہیں |
| صفات جمالی | صِفَاتِ جَمَالِیُ | اللہ کی وہ صفات جو اس کے جمال، رحمت، حسن، نرمی اور شفقت کا اظہار کرتی ہیں |
| صفات فاضلہ | صفات فَاضِلَهُ | اعلیٰ صفات |
| صفاتِ ازلیہ ابدیہ | صفات اَزَلِيَّهُ اَبَدِيَّهُ | وہ صفات جو ہمیشہ سے ہیں اور ہمیشہ رہیں گی |
| صُفَّہ | صُفَّه | چبوترہ |
| صُلَحاء | صُلَحَاءُ | صالح کی جمع، نیک |
| صَواب | صَوَابُ | درست، ٹھیک، صحیح |
| صوفیہ | صُوُفِيَّهُ | صوفی لوگ نیز صوفیوں کا فرقہ |
| صیحون | صَيُحُونُ | امریکہ کا ایک شہر جسے ڈوئی نے بسایا Zion |
| ضالِ مضل | ضَآلٌّ مُضِلٌّ | جو خود بھی گمراہ ہو اور دوسروں کو بھی گمراہ کرے |
| ضَخَامت | ضَخَامَتُ | حجم |
| ضرب | ضَرُب | مار، چوٹ، صدمہ، وار، سکے پر ٹھپا لگانے یا سکہ ڈھالنے کا کام، مہر (خصوصاً سکے پر) |
| ضمیر | ضَمِيُر | قوت جو انسان کو بھلائی کی طرف متوجہ کرتی ہے، کیفیت شعوری |
| ضمیمہ | ضَمِيُمَهُ | (کسی چیز کے اصل یا ضروری حصے پر بڑھا کر) شامل کیا ہوا، زائد شے جو اصل کے ساتھ شامل ہو، معمول کے اخبار یا رسالے کے علاوہ وہ پرچہ جو کسی خاص ضرورت کے تحت مقررہ وقت کے علاوہ شائع ہو، زائد پرچہ |
| طاعون | طَاعُونُ | ایک وبائی متعدی بیماری جس میں ایک پھوڑا بغل یا جانگھ میں نکلتا ہے اور اس کے زہر سے انسان بہت کم جانبر ہوتا ہے، یہ مرض پہلے چوہوں میں پھیلتا ہے پھر انسانوں میں آتا ہے |

| | | |
|---|---|---|
| طبع زاد | طَبعْ زَادْ | اپنی ایجاد یا اختراع سے نکلا ہوا |
| طُرفہ | طُرْفَہْ | حیرت، نادر، انوکھا، عجیب |
| طَشت اَز بام | طَشْت اَزْبَامْ | راز کھل جانا |
| طُفیل | طُفَيْل | کسی کی وجہ سے، کسی کی بدولت |
| طِلسم | طِلِسْم | جادو، سحر |
| طمانچہ | طَمَانْچَہ | تھپڑ |
| طَمث | طَمْثُ | برائی، عیب، خونِ حیض |
| طمع خام | طَمْعِ خَامْ | ایسی خواہش جس کا پورا ہونا ممکن نہ ہو، ایسی حرص یا لالچ جو فضول ہو۔ |
| طنز | طَنْز | طعنہ |
| طَوالت | طَوَالَتْ | لمبائی، طول |
| طوفان رعد | طُوْفَان رَعْد | بجلی کا طوفان |
| لمبائی | لَمْبَائی | طول |
| طولاں | طُوْلَاں | لمبائی، لمبا ہونا |
| طیطوس رومی | طَيْطُوْس رُوْمِیْ | روم کا ایک بادشاہ جس نے پہلی صدی عیسوی میں یہودیوں کو تباہ و برباد کیا تھا |
| طینت | طِيْنَتْ | فطرت، طبیعت، عادت |
| ظِل | ظِلُّ | سایہ، تحت، ضمناً |
| ظلی | ظِلِّیْ | ظل سے منسوب، تحتی، ضمنی یا طفیلی |
| ظلی نبوت | ظِلِّی نُبُوَّتْ | محض فیضِ محمدی ﷺ سے وحی پانا، آنحضرت ﷺ کی کامل اطاعت اور آپ کی محبت میں فنا ہونے کے نتیجے میں جو نبوت ملتی ہے |
| ظنی | ظَنِّیْ | گمان پر مبنی، وہمی، خیالی |
| ظنیات | ظَنِّیَّاتْ | ظن کی جمع؛ گمان، وہم، خیالات، غیر یقینی |
| ظہور | ظُهُوْرْ | ظاہر ہونا، بعثت |
| عادت اللہ | عَادَتُ الله | اللہ تعالیٰ کی سنت، قانون، دستور |
| عار رکھنے والا | عَارْ رکھنے والا | شرم محسوس کرنے والا، پرہیز کرنے والا |
| عارف | عَارِفْ | پہچاننے والا، جاننے والا، ولی، صوفی، خداشناس |
| عافیت | عَافِيَتْ | بھلائی، صحت، مغفرت، بخشش |
| عاقبت | عَاقِبَتْ | انجام، نتیجہ |
| عالم وَجد | عَالَمِ وَجْد | خوشی یا ذوق وشوق سے بے خود ہو کر جھومنے کی کیفیت یا حالت |
| عالی ہمت | عَالِیْ هِمَّتْ | بلند حوصلگی، اولوالعزمی، بلند نظری |
| عَبث | عَبَثْ | فضول، بے کار، بے فائدہ |
| عُبودیت | عُبُوْدِيَّتْ | بندگی، اطاعت، خدمت گذار ہونا |
| عتاب | عِتَابْ | غصہ، غضب، ناراضگی |
| عجب | عُجْب | تکبر، غرور |
| عداوت | عَدَاوَتْ | دشمنی، مخالفت |
| عدَم | عَدَمْ | نیستی، معدوم ہونے کی حالت، نہ ہونا |
| عدم عظمت | عَدَمِ عَظَمَتْ | کسی کی عظمت کا نہ ہونا |
| عدم علم سے عدم شی ءلازم نہیں آتا | عَدَمِ عِلْم سے عدَمِ شَیْءٌ لَازِمْ نہیں آتا | یعنی اگر کسی چیز کا علم نہیں تو اس کا یہ مطلب نہیں کہ اس کا وجود نہیں |
| عدول حکمی | عُدُوْلِ حُكْمِیْ | نافرمانی، حکم کو نہ ماننا |
| عذر | عُذْر | حیلہ، بہانہ |
| عذرات | عُذْرَاتْ | عذر کی جمع |
| عرش | عَرْش | تختِ الٰہی، تخت |
| عرش مُعلّی | عَرْشِ مُعَلّٰی | عرشِ اعظم۔ بلند عرش |
| عرض پرداز | عَرْضْ پَرْدَازْ | عرض کرنے والا، درخواست گزار |
| عرض کیا | عَرْض کیا | (قرآن شریف پر عرض کیا): قرآن کریم سے اسکی تائید تلاش کرنا، اسکے مطابق کوئی آیت قرآنی یا اشارہ دیکھنا |
| عرضداشت | عَرْضَدَاشْتْ | درخواست، گزارش |
| عزا پرسی | عَزَا پُرسی | افسوس کا اظہار کرنا، تعزیت کرنا، کسی کی وفات پر دکھ کا اظہار کرنا |

| | | |
|---|---|---|
| عِشرت پسند | عِشْرَتْ پَسَنْد | عیاشی، آسائش کی زندگی پسند کرنے والا |
| عصا | عَصَا | سونٹا، لاٹھی |
| عِصمت | عِصْمَتْ | پاکدامنی، عزت |
| عضلات تنفس | عَضَلَاتِ تَنَفُّسْ | سانس کی تنگی |
| عَفَت الدّیار مَحلُّہا وَمُقامُہا | عَفَتِ الدِّيَارُ مَحِلُّهَا وَمُقَامُهَا | تمام علاقے اور گھروں کے نشانات ختم ہو گئے، عارضی گھروں کے بھی اور مستقل رہائش کے بھی۔ (لبید بن ربیعہ العامری کے شعر کا مصرعہ ہے) |
| عفو | عَفُوْ | معاف کرنا، درگذر کرنا، مٹا دینا |
| عُقدہ | عُقْدَه | گرہ، مشکل |
| عُقدہ کُشائی | عُقْدَه كُشَائِی | مشکل کا حل ہونا |
| عُقدہ لا ینحل | عُقْدَهٔ لَا يَنْحَلْ | وہ گرہ جو کھل نہ سکے، وہ مشکل جو دور نہ ہو سکے |
| عقدِ ہمت | عَقْدِ هِمَّتْ | ارادہ کرنا، عزم کرنا، کمر کس لینا |
| عُقوبت | عُقُوْبَتْ | سزا |
| عقیقہ | عَقِيْقَهْ | بچے کی پیدائش کے بعد اسکے بال کٹوانے کی تقریب، کاٹنا |
| علاج دندان اخراج دندان | عِلَاجِ دَنْدَان اِخْرَاجِ دَنْدَان | دانت درد تکلیف کا علاج یہی ہے کہ دانتوں کو ہی نکال دیا جائے (یہ محاورہ دانتوں کے علاج کے لئے بھی معروف ہے اور ایسی چیز کے لئے بھی بولا جاتا ہے کہ جو چیز تنگ کر رہی ہو اس کا علاج یہ ہے کہ اس کو ختم ہی کر دیا جائے) |
| علامات مُنذِرہ | عَلَامَاتِ مُنْذِرَه | ڈرانے اور ہوشیار کرنے والی علامتیں اور نشانات |
| علّت صُوری | عِلَّتِ صُوْرِیْ | ظاہر علت، وہ صورت جو کسی شے کی شیئیت کا سبب ہو، سبب ظاہری، جیسے چارپائی کی شکل جو پایوں اور پٹیوں وغیرہ سے مرکب ہو |
| علت غائی | علّت غَائِیْ | وہ سبب یا فائدہ جو کسی فعل کا محرک اول ہو یا جس کی خاطر کوئی فعل ظہور میں آئے اور وجود ذہنی کے اعتبار سے باقی علتوں پر مقدم ہو اور وجود خارجی میں دوسری علتوں کے ظہور کے بعد ظہور میں آئے، مقصودِ اعلیٰ، اصلی وجہ، جیسے چارپائی کی علت غائی اس پر سونا ہے |
| علت فاعلی | عِلَّتِ فَاعِلِیْ | وہ سبب جس نے کسی شے کو بنایا ہو، وجود میں لانے والی علت۔ |
| علت مادی | عِلَّتِ مَادِّیْ | وہ مادہ جس سے کوئی شے بنی ہو جو محلِ استقرار قوت اور حاملِ قوت ہو۔ |
| علت مُوجِبہ | عِلَّتِ مُوْجِبَه | وہ علت جس کے لئے معلول کا وجود ضروری ہو، جیسے آگ کے جلنے کیلئے ایندھن اور ہوا کا وجود |
| عِلَل اربعہ | عِلَلِ اَرْبَعَهْ | چار علتیں جو تمام مادی اشیاء کے وجود کے لئے ضروری ہیں۔ (علتِ مادی، علت صوری، علت فاعلی، علت غائی) |
| علم الیقین | عِلْمُ الْيَقِيْن | علم کا وہ درجہ جس میں انسان کو کسی چیز کے ہونے کا علم حاصل ہوتا ہے |
| علیٰ ہٰذا القیاس | عَلیٰ هٰذَا الْقِيَاسْ | اسی قیاس پر، اسی طرح |
| عمداً | عَمَداً | ارادۃً، جان بوجھ کر |
| عموم | عُمُوْم | عام طور پر |
| عمیق | عَمِيْق | گہرا |
| عمیق در عمیق | عَمِيْق دَرْ عمیق | بہت گہرا، بہت گھنا |
| عِناد | عِنَادْ | دشمنی |
| عنقریب | عَنْقَرِيب | بہت جلد |
| عوارض | عَوَارِضْ | عارضہ کی جمع، بیماریاں، تکلیفیں |
| عود | عَوْد | لوٹنا، واپس ہونا، دوبارہ |
| عِوض | عِوَضْ | بدلہ، قیمت |
| عوض معاوضہ گلہ ندارد | عِوَضْ مُعَاوَضَه گِلَه نَدَارَدْ | کسی کے کام کے بدلے کسی کو اجر دینے پر اسے شکوہ اور شکایت نہیں کرنی چاہیے، جیسا کسی نے کیا ویسا ہی اسکے ساتھ کیا جانے پر کوئی شکایت نہ ہونی چاہیے |
| عِیال | عِيَالْ | اہل خانہ، بیوی بچے، کنبہ جس کا کوئی شخص کفیل ہو |
| عیالدار | عِيَالْدَارْ | بیوی بچوں والا |
| عین الیقین | عَيْنُ الْيَقِيْن | کسی امر کی کیفیت یا ماہیت جان لینے کے بعد اس کیفیت و ماہیت کا مشاہدہ، علم الیقین کے بعد کا درجہ |
| غارَت | غَارَتْ | تباہ، برباد |

| | | |
|---|---|---|
| غاسق | غَاسِقُ | غروب ہونے والی، غروبِ شفق کے بعد کا اندھیرا |
| غبنِ مال | غَبنِ مَالُ | مال غائب کرنا، دھوکہ سے مال کھا جانا، فراڈ کرنا |
| غرغرہ | غَرغَرَہ | موت کے وقت گلے سے نکلنے والی خرخراہٹ والی آواز، موت کے آخری لمحات |
| غریقِ رحمت | غَرِیقِ رَحمَتُ | خداتعالیٰ کی رحمت میں ڈوبا ہوا |
| غَصْبُ | غَصْبُ | چھین لینا |
| غضب | غَضَبُ | غصہ |
| غُلو | غُلُوّ | مبالغہ، حد سے زیادہ |
| غُنودگی | غُنُودَگِیُ | نیم بے ہوشی، نیند کی سی کیفیت |
| غیرمبدل | غَیر مُبَدَّلُ | نہ بدلنے والا |
| غیرمُترقب | غیر مُتَرَقَّبُ | نہ شمار کیا جانے والا، جس کی توقع نہ ہو |
| غیرمترقبہ | غَیر مُتَرَقَّبَہ | جس کی توقع نہ ہو، یکایک، ناگہاں |
| غیرقابض جدی شرکاء | غیرقَابِضُ جَدِّیُ شُرَکَاء | جدی، باپ دادا کی طرف سے ایسے شریک وارث جو اس ورثہ اور جائداد پر قبضہ نہ رکھتے ہوں، یعنی وارث ہوں لیکن قبضہ نہ ہو |
| غَیر مُتَدَیَّن | غَیرمُتَدَیَّنُ | دین سے بے تعلق، بے دین |
| غیظ و غضب | غَیظُ و غَضَبُ | غصہ اور ناراضگی |
| فاجر | فَاجِرُ | بے حیا، فساد کرنے والا |
| فارسی الاصل | فَارِسِیُّ الْاَصل | جس کے باپ دادے فارس کے رہنے والے ہوں |
| فاسق | فَاسِقُ | نافرمان، گندہ، بے شرم |
| فاضل | فَاضِلُ | فضیلت رکھنے والا |
| فاضل جلیل | فَاضِلِ جَلِیل | بہت بڑا فاضل، جید عالم |
| فانی ہونے والے | فَانِیُ ہونے والے | فنا ہونے والے، ختم ہو جانے والے |
| فرد (دو فردیں بنا کر) | فَرُد (دو فردیں بنا کر) | نقل، کسی جائداد یا عدالتی کارروائی کے اصل کاغذات کی نقل وغیرہ |
| فرستادہ | فِرِسْتَادَہ | بھیجا گیا، رسول، پیغامبر |
| فرقہ ضالّہ | فِرُقَہ ضَآلَّہ | گمراہ گروہ |
| فرمودہ | فَرُمُودَہ | فرمان، فرمایا ہوا، حکم، ارشاد |
| فرو | فِرُوُ | ختم ہونا |
| فُرُوعی | فُرُوْعِیُ | ضمنی، معمولی، غیراہم، جزوی |
| فروگذاشت | فِرُوُگُذَاشُت | غلطی، جو بات ہو چکی |
| فریسندہ | فَرِیُسِنْدَہ | بھیجنے والا، مرسل |
| فَرِیفتہ | فَرِیُفتَہ | فدا، نثار ہونا |
| فَسخ | فَسُخ | ختم ہو جانا |
| فَسخ بیعت | فَسُخ بَیُعت | بیعت یا سودا یا معاہدہ ختم ہونا |
| فصاحت و بلاغت | فَصَاحَت وبَلَاغَتُ | کسی بات کو کھول کر اور اچھی طرح واضح کر کے بیان کرنے کا انداز کہ سمجھ آ جائے |
| فصل نیشکر | فَصُلِ نَیُشَکَرُ | گنے کی فصل |
| فصوص | فُصُوصُ | علامہ محی الدین ابن عربی کی مشہور کتاب ''فصوص الحکم'' |
| فصیح | فَصِیحُ | (کلام) جس میں فصاحت ہو، شستہ، شگفتہ |
| فضول گو | فُضُوُل گوُ | ہر وقت بیہودہ اور فضول باتیں کرنے والا، باتونی |
| فطرت عالیہ | فِطُرَتِ عَالِیَہ | اعلیٰ طبیعت کا ہونا، خمیر اور سرشت کا اچھا ہونا |
| فِعلی | فِعُلِیُ | عملی، جو کام اور عمل سے نظر آ جائے |
| فقہ | فِقَہ | سمجھ بوجھ، فہم و فراست |
| فلاسفہ ضالہ | فَلَاسِفَہُ ضَآلَّہ | گمراہ فلسفی، گمراہ علماء |
| فلسفیوں | فَلُسَفُیُون | فلسفی کی جمع، علم فلسفہ کے ماہر |
| فَلَقُ الصُّبح | فَلَقُ الصُّبح | صبح کی روشنی، صبح کا نمودار ہونا |
| فنا | فَنَا | ختم ہو جانا، باقی نہ رہنا |
| فنافی اللہ | فَنَا فِی اللّٰہ | اللہ کی راہ میں اپنے آپ کو ختم کر دینا، تصوف کی اصطلاح |
| فوجداری مقدمہ | فُوجُدَارِی مُقَدَّمَہُ | لڑائی جھگڑے سے متعلق نالش یا استغاثہ |
| فوق الطاقت | فَوُقُ الطَّاقَتُ | قوت/طاقت سے بڑھ کر |
| فوق العادت | فَوُقَ الُعَادَتُ | عام طرز سے ہٹ کر، حیران کن، معمول سے زیادہ |

| | | |
|---|---|---|
| فَہم رَسا | فَہمِ رَسَا | دوررس عقل، نتیجے تک پہنچنے والی عقل، بات کی تہہ تک پہنچنے والی سمجھ |
| فہمائش | فَہُمَائِشُ | سمجھانے یا آگاہ کرنے کا عمل |
| فی البدیہہ | فِی الُبَدِیُہ | بے سوچے، فوراً، ارجالاً، بغیر توقف، برمحل |
| فی الفور | فِی الُفَوُر | فوراً، جلد، معاً، جلدی سے، اسی وقت |
| فَیض | فَیُض | کرم، عنایت |
| فیضان | فَیُضَان | فیض، عنایت، کرم، فائدہ |
| فیلنگ | فِیلِنُگ | احساس، جذبہ، خیال (یہ انگریزی کا لفظ feeling ہے) |
| قاصِر | قَاصِرُ | مجبور، ناچار، کوتاہی کرنے والا |
| قانون ازلی | قَانُونِ اَزَلِیُ | وہ قانون جو ازل سے ہے، جو ابتداء سے ہے |
| تصرف | تَصَرُّفُ | ملکیت |
| قبل از وقوع | قَبَلُ اَزُوُقُوعُ | واقعہ ہونے سے قبل |
| قدرت تامہ | قُدُرَتِ تَامَّہ | مکمل قدرت/مکمل طاقت، دسترس |
| قدرت نُمائی | قُدرت نُمائیُ | قوت یا شان کا اظہار |
| قدم بوسی | قَدَمُ بوسِیُ | (تعظیماً) پاؤں چومنے یا پاؤں کو ہاتھ لگانے کا عمل |
| قرارداده نشان | قَرَارُدَادَہ نِشَانُ | وہ علامتیں جو پہلے سے ذہن میں سوچ رکھی گئی ہوں |
| قرائن | قَرَائِنُ | قرینہ کی جمع، قاعدے، اندازے |
| قرب | قُرُب | نزدیکی، نزدیک ہونا |
| قرب اجل | قُرُبِ اَجَلُ | موت (کا وقت) نزدیک آنا |
| قرص | قُرُص | گولی/ٹکیاں |
| قرونِ ثلاثہ | قُرُوُن ثَلَاثَہ | تین صدیاں، نبی کریم ﷺ کے بعد کی تین صدیاں |
| قرین قیاس | قَرِیُنِ قِیَاسُ | سمجھ میں آنے والا، وہ بات جس کو عقل قبول کرے |
| قرینہ | قَرِیُنَہ | ایک چیز کی دوسری چیز سے مناسبت یا قربت |
| قضاءِ مُبرَم | قَضَاءِ مُبُرَمُ | نہ ٹلنے والی تقدیر |
| قطع تعلق | قَطُعِ تَعَلُّقُ | ناطہ توڑنا، تعلق نہ رکھنا |
| قطع مسافت | قَطُعِ مَسَافَتُ | مسافت طے کرنا، سفر تمام ہونا |
| قطع نسل | قَطُعِ نَسُل | نسب کا خاتمہ، افزائش نسل کو روکنا |
| قطعیۃ الدلالت | قَطُعِیَّۃُ الدَّلَالَتُ | مکمل دلالت کرنے والی، استدلال سے بھرپور، حقیقی نشاندہی کرنے والی |
| قلب | قَلُب | دل |
| قلب سلیم | قَلُبِ سَلِیُم | پاک دل (تندرست دل) |
| قلق | قَلَقُ | بے قراری، بے آرامی، بے کلی، بیتابی |
| قلمرو | قَلَمُرَوُ | ملک، سلطنت، مملکت، عملداری |
| قماربازی | قِمَارُبَازِیُ | جوا کھیلنا، جوا |
| قناتوں | قَنَاتُو ں | قنات کی جمع۔ کپڑے کی بنی ہوئی اوٹ یا خیمہ |
| قوت باصرہ | قُوَّتِ بَاصِرَہ | دیکھنے کی قوت |
| قوت حافظہ | قُوَّتِ حَافِظَہ | یاد رکھنے والی قوت، یادداشت |
| قوت سامعہ | قوّتِ سَامِعَہ | سننے کی قوت |
| قوت شامّہ | قوّتِ شَامَّہ | سونگھنے کی قوت |
| قوت فراست | قوّتِ فِرَاسَتُ | جانچ لینے، بھانپ لینے کی قوت |
| قوت قدسیہ | قوّتِ قُدُسِیَّہ | پاک اور صاف کرنے کی قوت |
| قوت لامِسَہ | قُوَّتِ لَامِسَہُ | چھونے کی قوت |
| قوت مُتفکّرَہ | قُوَّتِ مُتَفَکِّرَہُ | سوچنے کی قوت |
| قولنج زحیری | قَوُلَنُج زَحِیرِیُ | وہ شدید درد جو قولون نامی آنت میں پیدا ہوتا ہے (اور اس کے ساتھ اسہال اور پیچش کی تکلیف بھی لاحق ہو) |
| قولی | قَوُلِیُ | زبانی، کہنا |
| قوی ہیکل | قَوِیُ ہَیُکَلُ | قوی جثہ، زورآور، قدآور، ہٹا کٹا |
| قہری نشان | قَہُرِیُ نِشَانُ | وہ نشان جس میں خدا کا جلال، غضب اور اس کا جوش ظاہر ہو |
| قیاس | قِیَاسُ | اندازہ، جانچ، خیال، گمان، سوچ، فہم، سمجھ |

پیدائشی احمدی ساکن رفاہ عام سوسائٹی کراچی بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 09-2-28 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور 20 تولے مالیتی -/360000 روپے (2) حق مہر بذمہ خاوند -/100000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتی رہوں گی۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ مریم ثاقب۔ گواہ شد نمبر 1 شہاب احمد ولد مرزا عبدالرحمٰن۔ گواہ شد نمبر 2 ثاقب شہاب خاوند موصیہ

## مسل نمبر 98814 میں مظفر احمد سرور

ولد محمد سرور قوم آرائیں پیشہ ملازمت عمر 23 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ملت ٹاؤن کراچی بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 09-5-7 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/4500 روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ مظفر احمد سرور۔ گواہ شد نمبر 1 صوفی محمد اکرم وصیت نمبر 31986۔ گواہ شد نمبر 2 محمد سرور والد موصی وصیت نمبر 74428

## مسل نمبر 98815 میں چوہدری حارث احمد

ولد عمران اطہر قوم بٹر پیشہ طالب علم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن گرین ٹاؤن کراچی بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 08-11-15 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ چوہدری حارث احمد۔ گواہ شد نمبر 1 عمران اطہر والد موصی وصیت نمبر 28049۔ گواہ شد نمبر 2 چوہدری رضوان الٰہی وصیت نمبر 74160

## مسل نمبر 98816 میں صادقہ احسان

زوجہ احسان احمد نجم قوم کھوسہ بلوچ پیشہ خانہ داری عمر 24 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن بلدیہ ٹاؤن کراچی بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 09-5-12 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) حق مہر -/40000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/600 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتی رہوں گی۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ صادقہ احسان۔ گواہ شد نمبر 1 محمد رضاء اللہ ظفر مربی سلسلہ وصیت نمبر 31106۔ گواہ شد نمبر 2 عمران احمد وصیت نمبر 41720

## مسل نمبر 98817 میں شمائلہ داؤد

زوجہ محمد داؤد خان قوم سید پیشہ خانہ داری عمر 43 سال بیعت 1990ء ساکن D.H.A کراچی بقائمی ہوش وحواس بلا جبرو اکراہ آج بتاریخ 08-12-2 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور 47 گرام مالیتی اندازاً -/80000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/5000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتی رہوں گی۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ شمائلہ داؤد۔ گواہ شد نمبر 1 امین احمد تنویر مربی سلسلہ وصیت نمبر 25467 گواہ شد نمبر 2 طارق محمود بدر وصیت نمبر 25544

## مسل نمبر 98818 میں عنیزہ فیصل

ولد فیصل احمد کھرل قوم کھرل پیشہ خانہ داری عمر 28 سال بیعت 2001ء ساکن D.H.A کراچی بقائمی ہوش وحواس بلا جبرو اکراہ آج بتاریخ 08-12-2 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) حق مہر بذمہ خاوند -/100000 روپے (2) طلائی زیور 19 تولے مالیتی -/380000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/2000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتی رہوں گی۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ عنیزہ فیصل۔ گواہ شد نمبر 1 فیصل احمد کھرل خاوند موصیہ گواہ شد نمبر 2 طارق محمود بدر وصیت نمبر 25544

## مسل نمبر 98819 میں عائشہ طاہر

بنت محمد طاہر قوم قریشی پیشہ ملازمت عمر 27 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن D.H.A کراچی بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 08-12-2 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/6200 روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتی رہوں گی۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ عائشہ طاہر۔ گواہ شد نمبر 1 مسعود احمد بھٹی ولد محمود احمد بھٹی۔ گواہ شد نمبر 2 طارق محمود بدر وصیت نمبر 25544

## مسل نمبر 98820 میں سعود احمد سہگل

ولد تنویر احمد سہگل قوم سہگل پیشہ ملازمت عمر 23 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن بھٹائی کالونی کراچی بقائمی ہوش وحواس بلا جبرو اکراہ آج بتاریخ 09-5-5 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/4000 روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ سعود احمد سہگل۔ گواہ شد نمبر 1 نورالسلام وصیت نمبر 51252۔ گواہ شد نمبر 2 ابرار احمد قریشی وصیت نمبر 34903

## مسل نمبر 98821 میں اسامہ اعجاز

ولد اعجاز احمد میلو قوم گجر پیشہ طالب علم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کورنگی کریک کراچی بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 09-5-6 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ اسامہ اعجاز۔ گواہ شد نمبر 1 ابرار احمد قریشی وصیت نمبر 34903۔ گواہ شد نمبر 2 قاسم اعجاز وصیت نمبر 82883

## مسل نمبر 98822 میں ولید اعجاز

ولد اعجاز الحق قوم گجر پیشہ طالب علم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن بھٹائی کالونی کراچی بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 09-1-18 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ ولید اعجاز۔ گواہ شد نمبر 1 نورالسلام وصیت نمبر 51252 گواہ شد نمبر 2 ابرار احمد قریشی وصیت نمبر 34903

## مسل نمبر 98823 میں سید عبدالغالب

ولد سید مبارک احمد قوم سید پیشہ طالب علم عمر 19 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نارتھ ناظم آباد کراچی بقائمی ہوش وحواس بلا جبرو اکراہ آج بتاریخ 09-3-1 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ سید عبدالغالب۔ گواہ شد نمبر 1 سید مبارک احمد والد موصی۔ گواہ شد نمبر 2 سید منصور احمد وصیت نمبر 51371

## مسل نمبر 98824 میں صارم احمد خان

ولد وجیہہ احمد خان قوم پٹھان پیشہ طالب علم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نارتھ ناظم آباد کراچی بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 09-5-10 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ صارم احمد خان۔ گواہ شد نمبر 1 وجیہہ احمد خان والد موصی۔ گواہ شد نمبر 2 عبدالحلیم خان وصیت نمبر 58908

## مسل نمبر 98825 میں محمد وقاص ناصر

